# NATIONAL ACTION PLAN
# *with* WIN WOMEN
## STRENGTHEN POLITICAL PARTIES
## in Pakistan



PPP | PML (N) | ANP | PML (Q) | MQM



### Introduction

We, the representatives of PPP, PML-N, PML-Q, ANP and MQM, reaffirm our commitment to strengthen women's participation in political parties through this National Action Plan.

This commitment is based on our parties' ratification of the Win with Women Global Action Plan (GAP) developed by NDI; there are now over 1000 individual signatories to the GAP, and dozens of parties, civil society organizations and institutions around the world. The Win with Women Global Action Plan outlines practical recommendations to help political parties broaden their appeal by becoming more inclusive and representative. Conceived at the 2003 Win with Women: Strengthen Political Parties Global Forum, the Plan comprises the experiences and advice of women political party leaders from around the world.

The Global Action Plan is organized around four main themes which address women's participation as voters, political party leaders, candidates and elected officials. This National Action Plan focuses on point three of the Global Action Plan which deals with ensuring women's representation in meaningful leadership positions and in meaningful numbers in political parties.

We are committed to take practical steps to implement the objectives set out in the Global Action Plan. As a first step we will work toward strengthening the structures and organization of women's wings and women's leadership positions in the party.

Through this National Action Plan we extend our overall support for the Win with Women Global Action Plan as a founding document for strengthening women's participation in political parties.

As we unite to remove barriers to full participation for women in political parties, we will focus on the following objectives:



PPP پی پی پی



### Strengthening the Organization and Structure of Women's Wings

We believe that the women's wings are the basic platform for advancing women's participation in political parties. For this purpose we will work to enhance the institutional status of women's wings through the following specific measures:

- Complete the organizational structures of the wing at all levels;
- Strengthen the internal election process in the women's wing, ensure all positions are elected, and establish a specific term for each office;
- Ensure autonomy of the women's wing in the party constitution; increase autonomy for women's wing to plan and organize their own activities at different levels, raise funds for these activities and decide how these funds will be spent;
- Institutionalize training for the members of the women's wing at all levels;
- Establish a regular communication mechanism to ensure coordination between different organizational levels of the women's wing and to ensure regular meetings between the provincial president and the district presidents of the women's wing;
- Establish a mechanism for the women's wing to maintain records of members, meetings and other activities at all levels;
- Ensure that the office bearers of the women's wing get the same recognition as their counterparts in other wings; and
- Ensure the representation of women from minorities in the women's wing.



PML (N) پی ایم ایل (ن)



### Increasing Women's Representation on Party Bodies

We believe in quality advancement of women in mainstream politics. Hence we will work to increase representation of women on decision making bodies of the parties. We set out the following specific objectives for this purpose:

- Ensure a specified quota for representation of women on the party's core decision making bodies at all levels, including the policy and manifesto bodies;
- Ensure that the provincial presidents of the women's wing become ex-officio members of the central decision-making bodies of the party;
- Ensure regular meetings and communication between the women's wing and the main party at all levels;
- Ensure that the women's wing is consulted on the allocation of tickets for the reserved and general seats and the allocations are based on merit;
- Establish a specified quota of tickets for women for winnable general seats and ensure the allocation of the tickets takes place in consultation with the women's wing;
- Establish compulsory financial support for women candidates for general seats for the assemblies;
- Ensure that fees to be represented on the party bodies is abolished for women; and
- Ensure that women in the party are offered equal opportunities as men and monitor the practical implementation of it.



PML (Q) پی ایم ایل (ق)

# نیشنل ایکشن پلان

## خواتین کو ساتھ ملا کر کامیابی حاصل کریں

## پاکستان کی سیاسی جماعتوں کو مستحکم کریں




ایم کیو ایم · پی ایم ایل (ق) · اے این پی · پی ایم ایل (ن) · پی پی پی



### تعارف

ہم، پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ۔ن، پاکستان مسلم لیگ۔ق، عوامی نیشنل پارٹی، اور متحدہ قومی موومنٹ کے نمائندگان اس عہد کی یقین دہانی کراتے ہیں کہ ہم اس ایکشن پلان کے ذریعے سیاسی جماعتوں میں خواتین کی شرکت کو مستحکم بنائیں گے۔

اس عہد نامے کی بنیاد این ڈی آئی کی جانب سے تیار کردہ گلوبل ایکشن پلان ہے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر سے ایک ہزار سے زائد افراد، درجنوں سیاسی جماعتیں اور سول سوسائٹی کے ادارے اس پلان پر دستخط کر چکے ہیں۔ خواتین کو ساتھ ملا کر کامیابی حاصل کرنے کے (Win With Women) گلوبل ایکشن پلان کے ذریعے ان عملی تجاویز کا خاکہ پیش کیا گیا ہے جو کہ سیاسی جماعتوں کو خواتین کی شمولیت اور نمائندگی بڑھانے کے ذریعے اپنی مقبولیت میں اضافہ کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ 2003 میں تیار کیا گیا گلوبل ایکشن پلان سیاسی جماعتوں کے عالمی فورم کے ذریعے دنیا بھر کی سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کی تجاویز اور تجربات پر مبنی ہے۔

گلوبل ایکشن پلان کو چار اہم نکات کے تحت ترتیب دیا گیا ہے جن میں خواتین کو بطور ووٹر، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، امیدواروں اور منتخب عہدے داروں کی حیثیت سے آگے بڑھانے کے لئے عملی اقدامات شامل ہیں۔ پاکستان کی سیاسی جماعتوں کی جانب سے پیش کیا گیا یہ نیشنل ایکشن پلان گلوبل ایکشن پلان کے تیسرے نکتے پر مبنی ہے جو کہ خواتین کی اہم عہدوں پر مؤثر نمائندگی اور سیاسی جماعتوں میں ان کی تعداد کو بڑھانے پر زور دیتا ہے۔

ہم اس بات کی یقین دہانی کراتے ہیں کہ ہم گلوبل ایکشن پلان کے مقاصد پر عمل درآمد کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھائیں گے۔ پہلے قدم کے طور پر ہم خواتین ونگز کو منظّم اور اس کے ڈھانچہ کو مضبوط بنائیں گے اور پارٹی میں خواتین کو اہم عہدوں پر لانے کے لئے کام کریں گے۔

ہم اس نیشنل ایکشن پلان کے ذریعے خواتین کے سیاسی کردار کو مضبوط کرنے کے حوالے سے بنیادی دستاویز کے طور پر خواتین کو ساتھ ملا کر کامیابی حاصل کرنے کے گلوبل ایکشن پلان کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔

ہم پرعزم ہیں کہ ہم سیاسی جماعتوں میں خواتین کی بھرپور شرکت کے راستے میں حائل تمام رکاوٹوں کو عبور کرنے کے لئے متحد ہیں اور اس کے لئے ہمارا زور درج ذیل مقاصد پر ہوگا:




ANP　　اے این پی



### خواتین ونگز کی تنظیم اور ڈھانچہ کو مضبوط بنانا

ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ خواتین ونگز وہ بنیادی پلیٹ فارم ہیں جس کے ذریعے سیاسی جماعتوں میں خواتین کی شرکت کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کے لئے ہم خواتین ونگز کی باضابطہ طور پر حیثیت کو بڑھانے کے لئے درج ذیل مخصوص نکات پر کام کریں گے:

- ★ تمام سطحوں پر خواتین ونگ کے تنظیمی ڈھانچوں کو مکمل کرنا
- ★ خواتین ونگ کے اندرونی انتخابات کے نظام کو مستحکم کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا کہ ونگ کے اندر تمام عہدوں پر انتخابات ہوں۔ اس بات کو بھی یقینی بنانا کہ ہر عہدے کی میعاد مقرر ہو۔
- ★ خواتین ونگ کی خودمختاری کو پارٹی کے آئین کے ذریعے یقینی بنانا؛ تمام سطحوں پر خواتین کو اپنی سرگرمیاں منعقد کرنے، فنڈ اکٹھا کرنے اور ان فنڈز کو استعمال کرنے کے لئے بااختیار بنانا۔
- ★ خواتین ونگ کے ممبران کے لئے ہر سطح پر تربیت کا باقاعدہ نظام متعارف کرانا۔
- ★ خواتین ونگ کے اندر مختلف سطحوں پر رابطہ کاری اور تعاون کے عمل کو مستقل بنیاد پر یقینی بنانا اور خواتین ونگ کی صوبائی صدر اور ضلعی صدور کے درمیان رابطے کو باقاعدہ طور پر یقینی بنانا۔
- ★ خواتین ونگ کی ممبران سمیت تمام اجلاسوں اور ہر سطح پر ہونے والی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھنے کا باضابطہ نظام قائم کرنا۔
- ★ اس بات کو یقینی بنانا کہ خواتین ونگ کے عہدیداروں کو بھی دیگر ونگز کے عہدیداروں کے برابر اہمیت دی جا رہی ہو۔
- ★ خواتین ونگ میں اقلیتی خواتین کی نمائندگی کو یقینی بنانا۔



Multi Party Advisory Committee　　ملٹی پارٹی مشاورتی کمیٹی



### پارٹی کے فیصلہ ساز اداروں میں خواتین کی شرکت کو بڑھانا

ہم سیاست میں خواتین کے بامعنی کردار کو بڑھانے پر یقین رکھتے ہیں۔ اس لئے ہم پارٹی کے فیصلہ ساز اداروں میں خواتین کی نمائندگی کو بڑھانے کے لئے کام کریں گے۔ اس کے لئے ہم درج ذیل مخصوص مقاصد پر کام کریں گے:

- ★ سیاسی جماعتوں کے اہم فیصلہ ساز اداروں بشمول منشور اور پالیسی کمیٹی میں ہر سطح پر خواتین کے مخصوص کوٹہ کو یقینی بنانا۔
- ★ اس بات کو یقینی بنانا کہ خواتین ونگ کی صوبائی صدور مرکزی فیصلہ ساز اداروں میں ممبر (Ex-officio members) کی حیثیت رکھتی ہوں۔
- ★ تمام سطحوں پر خواتین ونگ اور پارٹی کے درمیان مستقل اور باقاعدہ رابطے اور ملاقاتوں کو یقینی بنانا۔
- ★ اس بات کو یقینی بنانا کہ خواتین کے لئے مخصوص اور عام نشستوں پر ٹکٹ دینے کے لئے خواتین ونگ کے ساتھ مشاورت کی جائے اور اس بات کو یقینی بنانا کہ ٹکٹ میرٹ کی بنیاد پر دی جائیں۔
- ★ خواتین کے لئے ایسی عام نشستوں پر ٹکٹ کے لئے کوٹہ مختص کرنا جن پر جیتنے کے امکانات زیادہ ہوں اور اس بات کو یقینی بنانا کہ خواتین ونگ کے ساتھ اس بارے میں مشاورت کی جائے۔
- ★ اس بات کو یقینی بنانا کہ عام نشستوں پر انتخابات میں حصہ لینے والی خواتین کو پارٹی کی جانب سے لازمی طور پر مالی معاونت مل رہی ہو۔
- ★ اس بات کو یقینی بنانا کہ پارٹی کے کسی بھی ادارے میں خواتین کی نمائندگی کے لئے مقرر فیس ختم کی جائے۔
- ★ اس بات کو یقینی بنانا کہ پارٹی میں خواتین کو مردوں کے برابر مواقع دیئے جائیں اور اس کے لئے عملی اقدامات کی باضابطہ نگرانی کی جائے۔



MQM　　ایم کیو ایم